© rasailojaraid.com



# ادبیات

## نعتِ رسول

(از جناب بسمل شاہجہانپوری)

امید شفاعت کیا کہنا تسکینِ دل و جاں کیا کہنا — اے شافع محشر فخرِ بشر امت کے نگہباں کیا کہنا
اے ماہِ عرب اے مہرِ عجم اے نیّرِ تاباں کیا کہنا — ہر پردۂ ظلمت چاک ہوا اے مشعلِ یزداں کیا کہنا
انوارِ نبوت سے ابتک دن رات میں اک تابانی ہے — اے مہرِ درخشاں کیا کہنا اے شمعِ شبستاں کیا کہنا
آئینِ حکومت پر جس کے دنیا کے سلاطیں جھکتے ہیں — اس شان کا پیغمبر بھیجا اے رحمتِ یزداں کیا کہنا
اے شمسِ ضحیٰ اے بدرِ دجیٰ اے نورِ دو عالم صلِّ علیٰ — اے جلوۂ حق اے شمعِ حرم اے کوکبِ عرفاں کیا کہنا
ہر حرف سراجِ راہِ ہدیٰ ہر لفظ بیاضِ رمزِ خدا — تحریرِ مشیت کے حامل اے صاحبِ قرآں کیا کہنا

کیا نعت سنائی صلِّ علیٰ صلوٰۃ اللہ صلوٰۃ اللہ
اے بسملِ احمد کیا کہنا اے مردِ مسلماں کیا کہنا

## "اپنے حضورؐ کے نام"

پیکرِ اسلام ——— قرآنِ مجسّم السّلام
السلام اے رہنمائے روحِ آدم السّلام

جب زمیں ظلمات میں ملفوف تھی محصور تھی — ظلمتوں سے پار ہو سکتا نہ تھا سورج کا نور
زندگی جب زندگی کی عظمتوں سے دور تھی — آدمی پر جب ہنسا کرتے تھے حیوان و طیور



© rasailojaraid.com